احرام سے نکلنے کیلئے شوہر کا اپنی بیوی کے بال کاٹنا

مجیب: مولانا محمد ماجد علی مدنی

فتوی نمبر: WAT-3308

تاریخ اجراء: 11 جمادی الاولیٰ 1446ھ / 14 نومبر 2024ء

دار الافتاء اہلسنت

(دعوت اسلامی)

سوال

کیا عمرہ کے بعد احرام سے نکلنے کے لئے شوہر اپنی بیوی کے بال کاٹ سکتا ہے؟

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

اَلۡجَوَابُ بِعَوۡنِ الۡمَلِکِ الۡوَھَّابِ اَللّٰھُمَّ ھِدَایَۃَ الۡحَقِّ وَ الصَّوَابِ

اگر میاں بیوی دونوں احرام باندھے ہوئے تھے تو اگر دونوں کے احرام کھلنے کا وقت ہے یا شوہر پہلے سے ہی احرام سے باہر ہے اور بیوی کے احرام کھلنے کا وقت آگیا ہے تو شوہر اپنی بیوی کے بال کاٹ سکتا ہے۔ اور اگر بیوی کے تو احرام کھلنے کا وقت آگیا لیکن شوہر کے احرام کھلنے کا وقت نہیں آیا تو ایسی صورت میں شوہر اس کے بال نہیں کاٹ سکتا۔

چنانچہ لباب و شرح لباب میں ہے "(وإذا حلق) أی المحرم (رأسه) أی رأس نفسه (أو رأس غيره)۔۔۔ (عند جواز التحلّل) أی الخروج من الإحرام بأداء أفعال النسک۔۔۔ لم يلزمهما شیء" ترجمہ: جب محرم اپنا یا دوسرے کا سر مونڈے جبکہ حج یا عمرہ کی ادائیگی مکمل ہو جانے کے بعد ان کے احرام سے نکلنے کا وقت آچکا تھا، تو ان دونوں پر کچھ لازم نہیں ہو گا۔ (لباب و شرح لباب، فصل فی الحلق والتقصیر، ص 323، مطبوعہ: السعودیة العربیة)

فتاوی ہندیہ میں ہے "حلق رأس محرم أو حلال وهو محرم عليه صدقة سواء كان بأمره أو بغير أمره" ترجمہ: محرم یا غیر محرم کے سر کا حلق کیا اور حلق کرنے والا احرام کی حالت میں ہے تو اس پر صدقہ ہے برابر ہے کہ اس نے دوسرے کے حکم سے ایسا کیا ہے یا اس کے حکم کے بغیر ایسا کیا ہے۔ (فتاوی ہندیہ، کتاب المناسک، الباب الثامن فی الجنایات، ج 01، ص 243، دار الفکر، بیروت)

محقق مسائل جدیدہ مفتی علی اصغر مدنی دامت برکاتہم العالیہ اپنی کتاب "27 واجبات حج" میں فرماتے ہیں: "کسی شخص کا احرام کھولنے کا وقت ہو گیا تو وہ اپنا حلق یا تقصیر خود کر سکتا ہے بلکہ کسی ایسے آدمی کا حلق یا تقصیر بھی کر سکتا ہے جس کا احرام ابھی نہ کھلا ہو لیکن احرام کھولنے کا وقت آگیا ہو مثلاً دو افراد عمرہ کر رہے تھے طواف و سعی سے فارغ ہو

گئے اب صرف حلق یا تقصیر ہی کرنا ہے تو یہ دونوں ایک دوسرے کا حلق یا تقصیر کر سکتے ہیں۔“(27واجبات حج،واجب نمبر14،حلق وتقصیر کا بیان،صفحہ120،مکتبۃ المدینہ)

وَاللہُ اَعْلَمُ عَزَّوَجَلَّ وَرَسُوْلُہ اَعْلَم صَلَّی اللہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم

Dar-ul-IftaAhlesunnat (Dawat-e-Islami)
www.fatwaqa.com
daruliftaahlesunnat
DaruliftaAhlesunnat
Dar-ul-ifta AhleSunnat
feedback@daruliftaahlesunnat.net